13/02/2026

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر مینعابدہ اختر

سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ مستقبل قریب میں بھارت پوری دنیا کی صحیح را ہ پر چلنے کی رہنمائی کرے گا.انہوننے معاشرے خاص کر نوجوانوں کو تیکنیکی اور سائنسی صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ روحانی اقدار اپنانے کی اپیل کی ہے. جموں میں مہا شیو راتری تہوار کی تقریبات کے ایک حصے کے طور پر ماتا بدر کالی مندر میں دیار داہم تقریب میں شرکت کرنے کے بعد خطاب کر تے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ سماج بالخصوص نوجوانوں کو ملک کی روحانی گوناگونیت کو تسلیم کر تے ہوئے اسے مکمل طور سے بروئے کار لانا چاہئے تاکہ بھارت ترقیاتی سفر میں تمام دیگر ملکوں کو پیچھے چھوڑ سکے.

LGمیٹنگ

اس سے پہلے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل شری امر ناتھ جی شرائن بورڈ کی50ویں میٹنگ کی صدارت کی اس دوران انہوننے سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا سے جڑے امور پر تبادلہ خیال کیا.

اس موقعے پر یاتریوں کےلئے سہولیات کو مزید بہتر بنانے کےلئے مختلف اہم تجاویز کو منظوری دی گئی.بورڈ نے رجسٹر شدہ یاتریوں ، سروس دینے والوں ، سرکاری اہلکاروں، سیزنل ورکروں اور پجاریوں کےلئے حادثاتی انشورنس کور کو 5لاکھ سے بڑھا کر10لاکھ روپے کرنے کا فیصلہ کیا.

عمر

سکیم کو جموں Special Assistance to States for Capital Investment یعنی SASCI وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کشمیر کی ترقی کے لئے اہم قرار دیا ہے ۔ انہوں نے اسمبلی میں کئی ارکان کی طرف سے ظاہر کئے گئے خدشات کو دور کرتے ہوئے کہا ۔

ستیش شرما

وزیر برائے خوراک اِنفارمیشن ٹیکنالوجی، ستیش شرما نے کہا ہے کہ ہمیں جامع ترقی، سماجی ذِمہ داری اور دیرپا ترقی کے لئے مشترکہ عزم کے ساتھ مل کر آگے بڑھنا ہوگا. وہ جموںیونیورسٹی کے شعبہ زولوجی کے زیرِ اہتمام کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے.

وزیر موصوف نے منشیات کے بڑھتے ہوئے
ر

جحان پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس بدعت کے خلاف مضبوط اور مسلسل مہم کے عزم کا اعادہ کیا.انہوں نے ± کہا کہ منشیات کے خلاف جنگ اِجتماعی ذِمہ داری ہے اورسماج کے سبھی طبقوں کو نوجوان نسل کی حفاظت کے لئے مل کر کام کرنا ہوگا ۔

کھیلو انڈیا

کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ نے اعلان کیا ہے کہ جموں کشمیر میں کھیلو انڈیا سرمائی کھیل مقابلے 23 فروری سے 26 فروری تک گلمرگ میں منعقد کئے جائیں گے ۔

یہ کھیلو انڈیا سرمائی کھیلوں کا چھٹا شمارہ ہو گا ۔ ان مقابلوں میں چار سو سے زائد ایتھلیٹ شرکت کر رہے ہیں۔

بارہمولہDC

اس دوران گلمرگ میں 23 سے 26 فروری تک منعقد ہونے والے کھیلو انڈیا نیشنل ونٹر گیمز کے چھٹے ایڈیشن کے کامیاب انعقاد کو یقینی بنانے کی غرض سے ڈپٹی کمشنر بارہمولہ، منگا شیرپا نے گلمرگ کلب میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔

میٹنگ میںدیگر تیاریوں کے ساتھ ساتھ کھلاڑیوں اور عملے کے لیے رہائش کے انتظامات ٹریفک پلان،طبی سہولیات، پانی اور بجلی کی فراہمی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

کمشنر

کمشنر، سروے اور لینڈ ریکارڈس جموں و کشمیر، اندر جیت نے محکمہ مال کے افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ بیک لاگ میوٹیشن کے نپٹارے کو تیز کرنے، ریکارڈ کی مکمل جانچ پڑتال اور عوامی شکایات کے ازالہ کےلئے کوشش کریں۔

وہ گاندربل کے محکمہ مال افسران کی ایک میٹنگ کی صدارت کررہے تھے۔انہوںنے عوامی شکایات کے بروقت ازالے کو یقینی بنانے کے لیے مربوط کوششوں کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

ریڈیو ڈے

دنیا بھر میں آج ریڈیو کا عالمی دن منایا جا رہا ہے ۔ یہ دن ہر سال13فروری کو منایا جا تا ہے ۔ اس دن کا مقصد اطلاعات پہنچانے اور زبان و ادب ، ثقافت اور کلچر کے تئیں ریڈیو کی خدمات کو یاد کیا جانا ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 1 اعشاریہ 8 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت9 اعشاریہ 7ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

....

....

....